۹۳	یوسف بن ابراہیم تیمی کذاب	۹۴	یونس بن حباب اسدی کذاب

نوٹ: راویان احادیث کتب اہل سنت پر جرح اور تنقید کا یہ تھوڑا سا نمونہ ہے اور مشت نمونہ خروارے ہے جو ملاں لعنت زدہ گنجے سر سے کر اپنے ٹھٹھرے

پاؤں تک زور لگا کر شیعوں کے خلاف نعرے لگاتے اور بالخصوص ہٹ دھرمی کر کے کہتے ہیں کہ احادیث شیعہ کے راوی ضعیف ہیں انکے لئے یہ نمونہ دعوت فکر ہے

اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیں مذہب اہل سنت نے دشمنان علیؑ راویوں

کو قبول کیا ہے اور ائمہ اہل بیت کو نظر انداز کیا ہے

عمران بن حطان پلید سے بخاری نے حدیث لی ہے

ثبوت ملاحظہ ہو (۱) تہذیب التہذیب کتاب اہل سنت ص ۱۲۸/ج ۸ ذکر عمران

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص ۲۳۵/ج ۲

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ فی تمیز الصحابہ ص ۱۷۷/ج ۳

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب حیوۃ الحیوان ص ۵/ج ۱ ذکر الانسان

الاصابہ کی عبارت | عن عثمان البتی قال کان عمران من اہل السنۃ تہذیب التہذیب کتاب اہل سنت اور اصابہ دونوں میں لکھا ہے کہ

یہ عمران بن حطان مذہب اہل سنت والجماعت سے تعلق رکھتا تھا اور یہ وہی عمران ہے جس نے امیر المؤمنین علیؑ بن ابی طالب کے قاتل عبدالرحمٰن بن ملجم کی تعریف میں کہا ہے یا ضربۃ من تقی ما اراد بہا ۵ الا لیبلغ من ذی العرش رضوانا ترجمہ۔ اے وہ تلوار کی ضرب جو ایک متقی نے علیؑ کو ماری اور اس ضرب سے اس نے خدا کی خوشنودی کا ہی قصد کیا تھا انی لاذکرہ یوماً فاحسبہ ۵ اوفی البریۃ عند اللہ میزانا ترجمہ۔ ابن ملجم اور اسکی تلوار کو یہ سمجھتا ہوں کہ وہ اللہ کے نزدیک قبول ہے اور میزان اعمال کو بھاری کرے گی۔ نوٹ۔ اس عمران کا سنی ہونا اور

امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب کے قاتل کی تعریف کرنا ایک یقینی امر ہے اور اگر ہم جواب میں یہ کہہ دیں کہ عمر کا اور عثمان کا قاتل اللہ کا ولی تھا اور جنتی تھا اور اس نے ان دونوں کو صرف اللہ کو خوش کرنے کی خاطر قتل کیا تھا۔

تو اہل سنت کا تمام توپ خانہ فتاویٰ والا حرکت میں آجائے گا اور کفر کے فتووں کی گولہ باری شروع ہو جائے۔ عمران حطان کے ان اشعار کی وجہ سے قاضی الطیب نے لعنت فرمائی ہے

الاصابہ ص ۱۷۸ میں لکھا ہے کہ اس لعنتی سنی کے اشعار کے بعد قاضی الطیبؒ کی رگ غیرت پھڑک گئی ہے اور اس نے کہا انی لأبرأ مما انت تذکرہ عن ابن ملجم الملعون بہتانا کہ جو کچھ تو نے ابن ملجم ملعون کی طرف سے بہتان ذکر کیا ہے میں اس سے برأت کرتا ہوں انی لاذکرہ یوما فالعنہ دنیا والعن عمران بن حطانا اور میں اگر کسی دن اسکی ضرب کا ذکر کرتا ہوں تو اس ضرب اور ابن حطان دونوں پر لعنت کرتا ہوں۔ ہم بھی مولا علیؑ کی ہر دشمن پر لعنت کرتے ہیں بے شمار

غدر گنہ بدتر از گنہ اور قوم معاویہ خیل کی حماقت

کتاب اہل سنت الاصابہ ص ۱۷۸ ج ۳ میں لکھا ہے کہ فان عمران صحابی لا تجوز لعنۃ قاضی کوئی ہے جو کہتا ہے کہ عمران بن حطان تو صحابی اور صحابی پر لعنت جائز نہیں ہے۔ نوٹ: اور ہم کہتے ہیں کہ کیا صحابی اگر ماں بہن سے زنا کرے تو اس پر حد اور لعنت بھی نہیں ہے۔ اس عمران بن حطان کے بارے اصابہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ اسکی بیوی اسکے چچا کی بیٹی تھی اور بڑی خوبصورت تھی اس نے اس صحابی کو علیؑ کا دشمن بنا دیا تھا یہ عذر بدتر از گنہ ہے کیونکہ معلوم ہوا کہ صحابی ایمان کے اتنے کچے ہوتے

تھے کہ انکو بیویاں اپنے حسن کی وجہ سے بے ایمان بنا لیتی تھیں اس اصابہ ص ۱۷۷ میں لکھا ہے کہ بخاری اور ابو داؤد نے اس عمران بن حطان سے روایت لی ہے اور دار قطنی نے بخاری پر اسی وجہ سے اعتراض کیا ہے۔ اور ہم مولوی محمد علی شیخ الحدیث کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ اس قسم کے دشمنان اہلبیت انکی حدیثوں کے راوی ہیں اور جب تمہارے راویان حدیث دشمنان اہل بیت ہونگے تو تمہارا حال بھی نواصب جیسا ہوگا۔ خباثۃ الاصل تدل علی خباثۃ الفرع

دشمن علی حریز بن عثمان بھی احادیث اہل سنت کا راوی ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب ص ۲۳۹ ج ۲ الحاء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص ۲۱۲ ج ۱
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد ص ۲۶۶ ج ۸

تہذیب اور میزان کی عبارۃ | انی لا احب علیا لانہ قتل آبائی فی یوم صفین یہ ابن عثمان کہتا ہے کہ میں علی سے محبت نہیں رکھ سکتا کیونکہ اس نے میرے باپ دادا کو جو معاویہ کے ساتھ تھے جنگ صفین میں قتل کیا ہے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ یحیی بن صالح کہتا ہے کہ میں نے ابن عثمان کے ساتھ سات سال نماز پڑھی ہے یہ ملعون نماز صبح اور نماز عشاء کے بعد امیر المومنین علی بن ابی طالب پر لعنت کرتا تھا۔ اور تاریخ بغداد میں لکھا ہے کہ اسی ملعون ابن عثمان نے کہا تھا کہ یہ حدیث یا علی انت منی بمنزلۃ ہارون من موسی اسی طرح نہیں ہے بلکہ یہ اس طرح ہے انت منی بمنزلۃ قارون من موسی نوٹ یہ خبیث راوی بھی احادیث اہل سنت کا راوی ہے اور میزان الاعتدال گواہ ہے کہ کئی خاص علماء اہل سنت نے اسکی توثیق فرمائی ہے

جنکے راوی دشمنان علی ہوں وہ خود بھی ناصبی ہونگے جو ملاں بانچھیں ہٹریں کر کے کہتے ہیں کہ شیعوں کے راوی ضعیف ہیں ہم انکو جواب میں کہتے ہیں کہ تم شیعوں کو ایک طرف رکھو بقول تمہارے لعین ملاؤں کے شیعوں کا تو اسلام سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے اور تم جنہوں نے اسلام کو بہن رہے رکھی ہے ذرا اپنے راویان حدیث کو تو دیکھو وہ دشمنان خاندان رسالت ہیں اور ناصبی ہیں۔

دشمن علیؑ عبداللہ بن سالم بھی احادیث اہل سنت کا راوی ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص ۴۳۶ / ۲ حرف العین

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب ص ۱۲۸ / ج ۵ حرف العین

میزان کی عبارۃ | قال ابو داود کان یقول علیؑ اعان علی قتل ابی بکر و عمر و جعل یذمہ ابو داود یعنی انہ ناصبی

ابو داود کہتا ہے کہ عبداللہ بن سالم کہتا ہے کہ حضرت علیؑ نے ابوبکر اور عمر کے قتل میں انکے قاتلوں کی مدد کی ہے اور ابو داود نے عبداللہ کی مذمت کی ہے کہ یہ ناصبی تھا دشمن علی تھا نوٹ ارباب انصاف اہل سنت احباب کی کتب احادیث دشمنان اہل بیت راویوں کے احادیث سے پر ہیں

امام حسینؑ کا قاتل عمر بن سعد بھی احادیث اہل سنت کا راوی ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوۃ ص ۹۳ / ۲ الفصل الثانی

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص ۱۹۸ / ج ۳ حرف العین

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب ص ۴۵۱ / ج ۷ حرف العین

مرقات کی عبادہ | اختصار مدنظر ہے ترجمہ ملاحظہ ہو۔ میرک نے کہا ہے کہ امام اہل سنت امام نسائیؒ نے اپنی کسی کتاب میں عمر بن سعد کے

طریق سے ایک روایت کی ہے اور ابن معین کہتا ہے کہ یہ عمر کس طرح سچا ہو سکتا ہے اس نے نبی کے بیٹے حسین کو قتل کیا ہے پھر ملا علی قاری حنفی لکھتا ہے کہ عمر نے امام حسین کو اپنے ہاتھ سے قتل نہیں کیا اور فوج یزید کی افسری قبول کرنے میں وہ مجتہد تھا اور امام کے قتل کے بعد شائد اسکا حال اچھا ہو گیا ہو اور گنہ سے پاک کون ہے۔ نوٹ میزان الاعتدال صہ ۲۸/۲ میں شمر کمینہ بھی اہل سنت کے راویوں کی فہرست میں آیا ہے۔ تفصیلات کے لیے ہماری کتاب کردار یزید ملاحظہ فرمادیں

مولی علیؑ کی نگاہ میں اہل سنت کے جھوٹے راویان احادیث کی جھوٹی روایات سے تیار شدہ سنیوں کی چاروں فقہ باطل ہیں اور جھوٹی ہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی عزیزی صہ ۸۸ مولف شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی شاہ عبدالعزیز محدث نے خواب میں امیر المومنین علیؑ کی زیارت کی اور عرض کی کہ مذہب فقہائیں سے شافعی حنفی مالکی اور حنبلی میں کونسا مذہب جناب عالی کو پسند ہے ارشاد فرمایا کہ کوئی مذہب ہم کو پسند نہیں ہے یا یہ فرمایا کہ ہمارے طریقہ پر نہیں ہے لوگوں نے افراط تفریط کو راہ دی ہے۔ نوٹ: ارباب انصاف ہم نے نہایت دیانت داری سے وہ حوالہ جات جمع کر دیئے ہیں جن میں احادیث کتب اہل سنت کے راویوں کے پرخچے اڑادیئے

گئے ہیں مچھ سنی احباب کی چاروں فقہ پر محدث دہلوی کے خواب کی کاری ضرب کا ذکر بھی کر دیا ہے اور اب ہم شیخ الحدیث محمد علی کو دعوت انصاف دیتے ہیں کہ شیعوں کی فقہ اور انکے راویوں پر تم نے تبصرہ فرمایا مگر جناب کا حال تو یہ ہے کہ ننگی نہا وناں کی اور نچوڑ ناں کی ہم نے اپنی کتاب کیا ناصبی مسلمان ہیں - میں ان تمام فتاوی اہل سنت کو جمع کر دیا ہے کہ حنفی سنیوں نے دوسرے تمام سنیوں پر لعنت فرمائی ہے اور احناف کے امام اعظم پر دوسرے سنیوں نے لعنت فرمائی ہے اور دیو بندیوں پر اور اہل حدیثوں پر اور وہابیوں پر بھی اہل سنت نے کفر کے فتاوی لگائے ہیں نیز تمہارے مشہور علماء پر مثلاً قاسم نانوتوی اشرف تھانوی - رشید گنگوہی عطا بخاری عبد الشکور احمد شبلی نعمانی پر بھی اہل سنت نے کفر کے فتاوی لگائے ہیں - اگر تم بے غیرتوں میں شرم ہو تو کسی چھوٹی سی پانی ڈال کر ڈوب مریں

مولوی محمد علی مزید توجہ فرماویں

کہاوت مشہور ہے کہ صدائے دھل از خالی بودن شکم است تم نے اپنی کتاب میں بڑے چیلنج کیئے ہیں اور تمہارے چیلنج ضراطات البعیر اور فسوات الحمیر کی شکل ہیں میدان قرطاس و قلم کے میدان میں تم نے شیعوں کو للکارا گر اپنے مذہب کو مزید رسوا کیلئے ہے کہاوت نکمی جتی پونیاں دیئے آپ پر فٹے آتی ہے اور اگر تمہارا مقصد کوئی نفع کمانا تھا تو شیعوں کو چھیڑنے کے بجائے تم اگر بابرہ شریف کے مہاگل عمر شریف کی نظم ۲۰ سیر میں حصہ ڈال لیتے تو آپکو زیادہ نفع ہوتا اور عثمان کی طرح آپ جلد ہی غنی ہو جاتے تمہارے علم کا یہ حال ہے - کہ پیٹ میں بڑی بو بند اور نام رکھا محمود

ابن کثیر دمشقی کی گواہی کہ اہل سنت بچارے بے عقل ہیں

ثبوت ملاحظہ کتاب اہل سنت البدایہ والنہایہ ص ۲۷۵ ج ۱۱

ذکر سنہ ۳۶۳ وقعت فتنة عظیمة بین اہل السنة والروافض وکلا الفریقین قلیل عقل او عدیمه وذالک ان جماعة من اھل السنة ارکبوا امراۃ وسموھا عائشہ الخ

ترجمہ: سنہ ۳۶۳ھ میں اہل سنت اور روافض میں جھگڑا ہوگیا اور اور اہل سنت یا کم عقل ہیں اور یا انہیں بالکل عقل نہیں ہے اور وہ اصلاح کے قابل نہیں ہیں اہل سنت کے ایک گروہ نے کسی عورت کو ایک اونٹنی پر سوار کرکے اسکو بی بی عائشہ بنالیا اور دو مردوں کو طلحہ اور زبیر بنالیا وقالو نقاتل اصحاب علی اور کہنے لگے کہ اب ہم اصحاب علیؑ سے جنگ کریں گے۔

نوٹ: ارباب انصاف دیکھا آپنے کہ وقت ضرورت نواصب نے کس طرح بی بی عائشہ کی شبیہ بنالی اور شیعہ بھی اسی لئے وقت ضرورت امام حسینؑ کے گھوڑے کی شبیہ بناتے ہیں۔ نواصب نے جس عورت کی شبیہ بنائی تھی بعد میں اگر اسکی شادی نہیں کی تو بھی زیادتی ہے اور اگر شادی کردی ہے تو پہلے سے بھی زیادہ براکیا ہے مگر وہ آدمی جس نے شبیہ عائشہ سے شادی کی ہوگی اسکے تو گڑ میں رہنے ہونگے نیز اس روایت سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ نواصب خاندان نبوت سے اپنی دشمنی کے اظہار کے لیے ہمیشہ ابوبکر اور اسکی اولاد اور صحابہ کو ہی وسیلہ بناتے ہیں۔

فقہ دیوبند میں شراب اور کتا اور بیٹی حلال ہے اور اہل سنت کی چاروں فقہ کی مذمت امام اہل سنت محمود بن عمر الزمخشری کی زبانی ملاحظہ ہو

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الکشاف ص ۵۰۲ ج ۲ طبع مصر ص ۴ طبع جدید کشاف کی طبع قدیم کے آخر میں اور طبع جدید کے اول میں علامہ ابراہیم الدسوقی کا ایک مقدمہ در ذکر ترجمہ المؤلف لگا ہوا جس میں انہوں نے زمخشری کو الامام الکبیر فی الحدیث والتفسیر اور امام فی عصرہ کے خطاب دے کر انکی تعریف کے پل باندھ دیئے ہیں اسی مقدمہ میں دسوقی نے زمخشری کے وہ اشعار بھی لکھے ہیں جس میں اسی امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر نے اہل سنت بچاروں کی چاروں فقہ کی خوب مٹی پلید کی ہے اور سپاہ صحابہ کے ناصبی ملاؤں کا علمی غرور توڑنے کے لیے ہم انکو ذکر کرتے ہیں اذا سألوا عن مذھبی لم ابح بہ واکتمہ کتمانہ لی اسلم

جب مجھ سے میرے مذہب کے بارے سوال کرتے ہیں تو میں اپنے مذہب کو چھپاتا ہوں اور مذہب کو چھپانا میرے لیے سلامتی ہے۔

نوٹ نواصب کو مبارک ہو کہ انکا امام مذہب چھپا کر تقیہ کرنے کا فرہو رہا ہے

۲) فان حنفیا قلت قالوا باننی ابیح الطلا وھو الشراب المحرم

اگر میں کہتا ہوں کہ میں حنفی ہو تو لوگ کہتے ہیں کہ میں شراب کو جو حرام ہے حلال کرتا ہو۔ وان مالکیا قلت قالوا باننی ابیح لھم اکل الکلاب وھم ھم

اور اگر میں کہتا ہوں کہ میرا مذہب مالکی ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ میں انکے لیئے کتے کو حلال کرتا ہوں۔ نوٹ فقہ مالکیہ اہل سنت کی ایک فقہ ہے جس میں کتا حلال ہے

وأن شافعیا قلت قالوا بأننی × أبیح نکاح البنت والبنت تحرم

اگر میں کہتا ہوں کہ میرا مذہب شافعی ہے تو لوگ کہتے ہیں یہ بیٹی کا نکاح باپ کے لئے حلال کر رہا ہے اور بیٹی سے نکاح حرام ہے نوٹ اہل سنت کی ایک فقہ شافعیہ بھی ہے جس میں باپ کا بیٹی سے نکاح کرنا حلال ہے

وأن حنبلیا قلت قالوا بأننی × ثقیل حلولی بغیض مجسم

اور اگر میں کہتا ہوں کہ میرا مذہب حنبلی ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ خدا کے جسم کا قائل ہے نوٹ اہل سنت کی ایک فقہ حنبلی بھی ہے جس میں یہ فتوی ہے کہ خدا تعالیٰ جسم رکھتا ہے اور خوش شکل لڑکے کی طرح ہے۔

وأن قلت من أهل الحدیث وحزبه × یقولون تیس لیس یدری ولیفہم

اور اگر میں کہتا ہوں کہ میرا مذہب اہل حدیث ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ اسکی بکرے کی طرح داڑھی ہے اور احمق و بے عقل ہے۔

سپاہ صحابہ کے خرمغز ملاؤں کو دعوت انصاف

یہ ہے فقہ مذہب اہل سنت کہ جس میں شراب حلال، کتا حلال، بیٹی حلال اور اس فقہ کی برائی سے اس مذہب کے عوام اور علماء سب تنگ ہیں اس فقہ کی برائی سے تنگ آکر امام اہل سنت زمخشری نے اپنا مذہب چھپانے کا فیصلہ کر کے تقیہ کا سہارا لیا ہے فقہ اہل سنت نے بیٹی سے نکاح حلال کر کے مذہب مجوس کو اپنایا ہے اور کتا حلال کر کے فقہ کیمونیسٹ کو اپنایا ہے: مذہب اہل سنت ایک دیگ کی مثال ہے اور امام اعظم اور امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد اس دیگ کے چمچے ہیں جس چمچے سے اس دیگ سے جو کچھ باہر آئے اسکو مذہب اہل سنت سمجھیں

امام اہل سنت امام احمد کا فیصلہ کہ علم تفسیر سمیت اہل

سنت کی تین علموں میں کتابیں جھوٹ کا پلندہ ہیں

ثبوت ملاخط: (۱) تذکرۃ الموضوعات ص م محمد طاہر گجراتی
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب فیض القدیر شرح جامع الصغیر لمناوی
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب فوز کبیر و م شاہ ولی اللہ محدث
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب فتوحات مکیہ م ابن عربی ص
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب یواقیت وجواہر ص م عبدالوہاب
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص ۲۱۰/۲۶ نوع ۷۸

اتقان کی عبارۃ | قال ابن تیمیہ ناقلا: قال الامام احمد ثلثة لیس لہا اصل التفسیر والملاحم والمغازی لان الغالب علیہا

ترجمہ: یعنی ابن تیمیہ ناصبی کہتا ہے کہ حضرت امام احمد بن حنبل کا فیصلہ ہے کہ تینوں علموں میں اہل سنت کی کتابیں جھوٹ اور بچواس ہے
۱- علم تفسیر کی کتابیں کہ جن میں صحابہ کرام کے فضائل لکھے ہوئے ہیں ۲- علم مغازی کی کتابیں، جن میں صحابہ کی فتوحات اور جنگوں کے قصے لکھے ہیں ۳- علم ملاحم آنے والے واقعات کے قصے: ان تینوں میں مراسیل زیادہ ہیں

فیض القدیر کی عبارۃ | قال ابن الکمال کتب التفسیر مشحونۃ بالاحادیث الموضوعۃ
ترجمہ: ابن کمال کہتا ہے کہ تفاسیر اہل سنت جھوٹی احادیث سے بھری ہوئی ہیں

نوٹ: ولی اللہ محدث اور ابن عربی نے بھی یہی رونا رویا ہے کہ اہل سنت کی تفاسیر جھوٹی حدیثوں سے بھری ہوئی ہیں

یا للعجب! محدث سمیت تمام علماء اسلام کو دعوت فکر

علامہ حلبی ناقل اور امام احمد حنفی ہے کہ اہل سنت کی کتابیں تمام جھوٹوں یعنی جھوٹ کا پلندہ ہیں ارباب انصاف اس کا سبب الٰہی سے سنت کے راویان حدیث اور انکے صحابہ اور علماء ہیں اب علماء اہل سنت کو ہم دیانت وانصاف کا واسطہ دے کر پوچھتے ہیں کیا جب یہی کتابوں کا یہ حال ہے تو آپ کس منہ سے شیعہ مذہب اور انکی کتابوں اور راویان حدیث پر تنقید کرتے ہیں۔ شیعوں کو تم ایک طرف رکھو انکے اسے تو تمہارے بد زبان ملاں کفر کے فتوے دیتے رہے کہ بھونک بھونکتے ہیں تم لوگ جنہوں نے اسلام کو تختہ مشق بنائے رکھا ہے یہی یہ بتا دیں کہ اپنے اصحاب اور تمہارے خلفاء کیا کرتے رہے یہاں تک کہ قرآن پاک کی ایک صحیح تفسیر بھی نہ لکھ سکے اور نہ لکھوا سکے اور تم یہ سمجھتے ہو کہ ہر زمانے میں تمہاری حکومت رہی ہے تمہارے حکام اور بادشاہ کیا کرتے رہے قرآن پاک کی ایک صحیح تفسیر بھی نہ لکھوا سکے تمہاری تو ساری تاریخ ہی [illegible] ہوتی ہے انکی صحیح بخاری فساد کی جڑ بخاری ص ۱۰۹ کتاب الوکالہ باب اپنا احباب اور انکے الفاظ ہیں کہ ابوہریرہ کی زبانی لکھا ہے کہ مہاجرین بازاروں کے آدمی تھے بازار کے کام سے انکو فرصت ہی نہ تھی اور انصار کھیتوں کے کام سے فارغ نہ تھے۔ لہذا انکو احادیث یاد کرنے کا موقع اور وقت ہی نہ ملا۔ لہذا جو تم نے ان کے صحابہ بنا رکھے ہیں وہ علوم رسالت کو محفوظ ہی نہ کر سکے اسی لیے تمہارا کام تفسیر کی کتابیں [illegible] کا پلندہ ہیں۔

امام احمد کی نگاہ میں کتاب الموطا مالک ایک بدعت تھی

از اہل سنت کی معتبر کتاب احیاء العلوم غزالی ص ۱۰۳۰ از استقصار

وکان احمد بن حنبل ینکر علی مالک تصنیفہ الموطا ویقول ابتدع

ما لم یفعلہ الصحابۃ

ترجمہ: اور حضرت امام مالک کی کتاب موطا کو امام احمد ایک برائی سمجھتا تھا اور کہتا تھا کہ آپ ایسی بدعت پیدا کر رہے جس کو صحابہ نے نہیں کیا۔

کتاب الموطا کا مؤلف مالک ایک ناصبی تھا کہ امام نے علی مرتضیٰ پر تنقید کر کے فرمان رسول کی توہین کی ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ ص از استقصار الافحام وقال مالک: اجعل من خاصمنی فی الدین لکن لم یحصل فیھا وقال الشافعی وغیرہ انہ بہذا السبب قصد والی المدینہ فضرب مالک

ترجمہ: یعنی ابن تیمیہ امام کا قول کرتا ہے کہ یہ مالک ناصبی امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب سے عثمان کو افضل جانتا تھا اور کہتا تھا کہ جس کی حکومت میں مسلمانوں میں خانہ جنگی ہوتی ہے ایسا حکومت مند اس شخص کے نہیں سمجھتا جس کی حکومت میں یہ جنگیں نہیں ہوئی ہیں اور امام شافعی وغیرہ نے کہا ہے کہ اسی نحوست کی وجہ سے ایک ناصبی والی مدینہ نے امام مالک کی خوب خاطر کی تھی۔ مسئلہ لوٹے بکرے بلکہ تو واجب القتل تھا۔

مالک ناصبی عائشہ اور معاویہ سے امام علی کے جنگ کرنے کو غلطی سمجھتا تھا

اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ ص از استقصاء الافحام

کان قتال فتنۃ وکان من قعد عنہ افضل ممن قاتل فیہ وھذا مذھب

مالک لعین ابن تیمیہ ناصبی اپنے خرافات میں نقل کرتا ہے کہ عائشہ اور معاویہ کی بغاوت کے بعد ان سے امام علی مرتضیٰ کا جنگ کرنا ایک فتنہ تھا اور جس نے اس جنگ میں شرکت نہیں کی شرکت کرنے والے سے بہتر تھا

علماء اسلام کو بلال گنجی کی محدث ہمیت دعوت انصاف

ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے ہمارا موقف یہ ہے کہ کتاب الموطا لکھنے والا دشمن اسلام اور دشمن رسالت ہے اور دلیل یہ ہے کہ امام مالک صاحب موطا نے حضرت علیؑ پر تنقید کر کے اس فرمان رسولؐ کی توہین کی ہے کہ علی مع الحق والحق مع علیؑ اس حدیث کی روشنی میں مولا علیؑ کا ہر فعل عین اسلام اور عین قرآن ہے اور آنجناب کے مخالفین خواہ عائشہ اور معاویہ ہو یا مالک اور ابن تیمیہ ہو بر نواصب ہیں اور خطا کار ہیں۔

مالک نے علی مرتضیٰ پر خطا کا فتویٰ لگا کر نبی پاک کو اذیت دی ہے

ثبوت کتاب اہل سنت رسالہ ترجمہ مذہب شافعی مؤلف امام فخر الدین منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۱۰

القول بان الشافعی اخطا فی مسئلۃ کذا اھانۃ للشافعی

القرشی واھانۃ قرشی غیر جائز لانہ فیہا اذیۃ لرسول اللہ امام اہل سنت فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ یہ کہنا کہ امام شافعی نے فلاں مسئلہ میں خطا کی ہے یہ امام شافعی قرشی کی توہین ہے اور کسی قرشی کی توہین کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ احادیث کو اہم تر کہ اس میں اذیت رسول اللہ ہے۔

علماء اہل سنت کو دیانت و انصاف کی رو سے دعوت فکر

ارباب انصاف حضرت امام شافعی کی امیر المومنین علی ابن ابی طالب کے سامنے ایک مچھر کی بھی حیثیت نہیں ہے مگر شافعی کو خطا کار کہنے پر شوافع کی رگ غیرت پھڑکتی ہے۔ ہم علماء اسلام کو دیانت انصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ شافعی جو کہ قرشی اور ہاشمی تھا اس کو خطا کار کہنے سے نبی پاک کو اذیت ہوتی ہے کیا علی ابن ابی طالب قرشی اور ہاشمی نہ تھا، حضرت علی کو خطا کار کہنے سے یقیناً نبی پاک کو اذیت دینا ہے اور نبی پاک کو اذیت دینے والا بحکم قرآن لعنتی ہے پس معلوم ہوا کہ کتاب الموطا لکھنے والا حضرت علی کو خطا کار کہنے والا نبی کریم کو اذیت دینے والا ہے اور لعنتی بھی ہے لہذا موطا کی ایک تکا بھی قیمت نہیں۔

مالک صاحب موطا کی علماء نے خوب تنقید کی ہے

ثبوت کتاب اہل سنت تہذیب الکمال سے منقول از مستفاد

قال الحافظ ابو بکر خطیب قد ذکر بعض العلماء السخنی

مالکا عادہ جماعۃ من اھل العلم فی زمانہ باطلاق لسانہ فی قوم معروفین بالدیانۃ والثقۃ۔

ترجمہ: بقول امام اہل سنت ابوبکر خطیب کے بعض علماء نے مالک صاحب موطا کی اس لئے خوب مذمت کی کہ مالک نے کچھ دیانت دار لوگوں کے بارے زبان درازی کی تھی۔

نوٹ: کتاب اہل سنت تذکرہ خواص الامۃ ذکر وفات حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ میں لکھا ہے کہ ابوبکر محمد بن اسحاق جنہوں نے مالک کی کتاب موطا پر تنقید فرمائی تھی اور مالک نے ابن اسحاق کے بارے زبان درازی فرمائی ہے۔

امام شافعی کی گواہی کہ صاحب موطا مالک بد دیانت تھا

ثبوت کتاب اہل سنت رسالہ ترجیح مذہب شافعی مؤلفہ فخر الدین رازی منقول از استقصاء الافحام:

ان مالکا او احتاج الی التمسک بقول عکرمہ ذکرہ وا ذا لم یحتج الیہ ترکہ فہذا ان صح عن مالک اورث ذالک طعنا فی روایتہ وفی دیانتہ انتہٰی

ترجمہ: امام شافعی فرماتے ہیں کہ صاحب موطا امام مالک کی دو عملی پالیسی تھی جب انکو عکرمہ کے قول کی ضرورت ہوتی تھی تو عکرمہ کو ذکر کرتے تھے اور عدم ضرورت کے وقت انکو ترک کرتے تھے اور مالک کی طرف اگر نسبت درست ہے تو یہ بات مالک کی اپنی

روایت اور درایت کی بہت بڑا عیب ہے اور جب مالک کا یہ حال تھا تو امام شافعی کس طرح انکی روایات کو سے سمجھتے تھے اور انکے ارے یہ بات کس طرح کر سکتے تھے کہ جب اماموں کو ذکر آئے تو امام مالک ایک ستارہ ہے۔

امام احمد نے صاحب موطا کے فتوے کو پھونک سے اڑا دیا

کتاب اہل سنت رسالہ ترجیح مذہب شافعی از استفسار صفحہ ۱۰۱

وسئل احمد بن حنبل عن مالک فقال حدیث صحیح رأی ضعیف

ترجمہ: کسی نے امام احمد سے پوچھا کہ امام مالک کیسے آدمی تھے انہوں نے فرمایا مالک کی روایت صحیح ہے اور فتوی ضعیف ہے۔

حنفیوں نے صاحب موطا امام مالک پر لعنت فرمائی ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی مولانا عبدالحی صفحہ ۱۵۵ باب تقلید

بان الناس فی فقہ عیال ، علی فقہ الامام ابی حنیفہ

فلعنۃ ربنا اعداد رمل ، علی من رد قول ابی حنیفہ

علم فقہ میں لوگ ابوحنیفہ کے عیال ہیں اور ریت کے ذرات کے برابر اس شخص پر لعنت جو ابوحنیفہ کے فرمان کو ٹھکرا دے۔

نوٹ: ارباب انصاف احناف کی اس لعنت کے دائرے میں امام مالک صاحب موطا سر فہرست ہے کیونکہ کتب فقہ گواہ ہیں کہ مالک نے ابوحنیفہ کی مخالفت کی تمام حدیں توڑ دی ہیں۔

مالک صاحب موطا آخر میں ترک جمعہ کرکے کافر ہو گیا تھا

ثبوت کتاب اہل سنت المعارف صـ ـــ از استقصار۔

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب احیاء العلوم صـ ـــ غزالی صـ

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ ابن خلکان صـ

المعارف | فلم یکن یشهد الصلوات فی المسجد ولا الجمعة ولا یاتی
کی عبادۃ | احدًا یعزیه ولا یقضی له حقا۔

امام مالک آخر عمر میں نماز باجماعت ادا نہیں کرتے تھے اور نماز جمعہ بھی نہیں پڑھتے تھے اور نہ ہی کسی کی فوتگی میں تعزیت کرتے تھے اور نہ ہی کسی کا کوئی حق ادا کرتے تھے۔

مالک صاحب موطا۔ امام جعفر صادق سے روایت نہیں کرتے تھے

ثبوت کتاب اہل سنت میزان الاعتدال صـ ـــ از استقصار صـ ۱۰۲۹

لم یرو مالک عن جعفر حتی ظهر امر بنی العباس قال مصعب بن عبد الله کان مالک لا یروی عن جعفر حتی یضمه الی احد امام مالک تابعی خاندانِ نبوت کے امام جعفر صادق سے بنو عباس کی حکومت کے ظہور تک روایت نہیں کرتے تھے اور مصعب بن عبد اللہ کہتا ہے کہ حکومت بنو عباس کے بعد مالک امام جعفر صادق کے ساتھ دوسرا راوی ملا کر ان سے روایت کرتے تھے۔

نوٹ: امام مالک امام جعفر صادق سے بالآخر بنو امیہ سے ڈرتے اور تقیہ کرتے ہوئے روایات نہیں کرتے اسکا مطلب یہ ہوا کہ سنیوں کا یہ امام مالک تقیہ از صفا اور حق

کو چھپاتا تھا اور اگر بزدلی کی وجہ سے روایت نہیں کرتا تھا تو اسکا نامرد تھا۔

امام مالک نے موطا میں مس ذکر کی روایت عورت سے نقل کر کے شرم حیا کا جنازہ نکال دیا ہے

ثبوت اہل سنت کی معتبر کتاب موطا امام مالک ص قال مروان اخبرتنی بسرۃ بنت صفوان انہا سمعت رسول اللہ یقول اذا مس احدکم ذکرہ فلیتوضأ

مروان کہتا ہے کہ مجھے ایک عورت بسرہ نامی نے بتایا کہ اس نے نبی پاک سے سنا ہے کہ جو مرد تم میں سے اپنے آلہ تناسل کو ہاتھ لگائے تو اسکو دوبارہ وضو کرنا چاہیئے۔

نوٹ کتاب اہل سنت ارکان اربعہ میں علامہ عبد العلی نے امام مالک کی اس بے حیائی پر خوب احتجاج کیا ہے کہ نبی کریم نے یہ مسئلہ ایک عورت کو بتایا جسکو اس مسئلہ کی ضرورت ہی نہ تھی اور مروان نے اسکا راوی ہے جو پہلے درجہ کا بے ایمان تھا اور قاتل عثمان اور طلحہ تھا۔

مالک نے تحریم متعہ کی روایت حضرت علیؑ سے کر کے جھوٹ بولا ہے

ثبوت کتاب اہل سنت موطا میں ص لکھا ہے۔

کہ حضرت علی ابن ابی طالب ان النبی نہی عن متعۃ النساء یوم خیبر کہ حضرت علیؑ نے روایت کی ہے کہ نبی پاک نے روز خیبر عورتوں سے متعہ کرنا منع کیا تھا

نوٹ اس روایت کو علماء اہل سنت نے جھٹلایا ہے تفسیر کبیر زیر آیۂ متعہ میں امام فخر الدین نے لکھا ہے کہ حضرت علی فرماتے کہ اگر عمر متعہ منع نہ کرتا تو سوائے بدبخت کے کوئی زنا نہ کرتا۔

امام مالک بقول اہل سنت زنا کو یعنی متعہ کو جائز جانتا تھا اس

فتویٰ نے فقہ اہل سنت کو خوب رسوا کیا ہے

ثبوت ملاحظہ

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاویٰ قاضی خان
مولف حسن بن منصور بن محمود فرغانی المشہور بقاضی خان

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ہدایہ شریف
مولف برہان الدین علی بن ابی بکر بن عبد الجلیل الفرغانی

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب محیط
مولف رضی الدین محمد بن محمد سرخسی

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز الدقائق
مولف عبد اللہ بن احمد حافظ ابو البرکات نسفی

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح کنز الدقائق
مولف فخر الدین ابو محمد عثمان بن علی ابن محجن زیلعی

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رمز الحقائق شرح کنز الدقائق
مولف ابو محمد محمود بن احمد عینی

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سراج وہاج شرح مختصر قدوری
مولف امام اہل سنت شیخ رضی الدین بغدادی

۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب حدائق الازہار شرح مشارق الانوار
مولف وجیہ الدین عمر بن عبد المحسن الارزنجانی۔

نقل کی ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ حدیث من یرد حدیثاً یکون واجب
العمل لجواز ان یکون عنده ما یعارضه او ترجیح علیه کہ اگر
حدیث صحیح واجب نہیں کر دہ اسکو واجب العمل ہی سمجھے ممکن ہے کہ کوئی اور
حدیث اسکے معارض ہو یا اسکو ترجیح ہو

علماء اہل سنت کو دعوت فکر اور زنا کی حلیت انکی فقہ میں

برادران اہل سنت نے شرم اور انصاف کی تمام حدیں اس مسئلہ میں
توڑ دی ہیں اور جتنے خرافات وہ اس مسئلہ میں شیعہ مسلمانوں کے خلاف
بنا سکتے تھے۔ انہوں نے بنائے ہیں اور ہم اپنے ان سنی بھائیوں کو
دیانت و انصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ امام مالک بن انس
جو اہل سنت کی فقہ کا ایک امام ہے اور اہل سنت اپنی فقہ کی کتابوں
میں قدم قدم پر اسکے فتوے کو بیان کرتے ہیں اور جواز متعہ میں اسکے فتوے
کو ہم نے ۱۰ عدد کتب اہل سنت سے ثابت کیا ہے پس اگر متعہ زنا
ہے تو علماء اہل سنت شرم سے ڈوب مریں کہ اپنی ۱۰ دس کتابوں میں
جواز زنا کا فتوی اپنے امام سے نقل کر کے اپنی فقہ کا جنازہ
نکال دیا ہے۔ اور یہ بھی افسوس کی بات ہے کہ اہل سنت کا امام
مالک اپنے موطا میں حدیث حرمت متعہ کی تحریر کرتا ہے اور فتوی
جواز متعہ کا دیتا ہے یا تو اسکی تحریر کردہ حدیث جھوٹی ہے اور یا اسکا
فتوی جھوٹا ہے اور اس دلدل سے نکلنے کی خاطر سنی بھائی لاکھ
تاویلات کریں مگر یہ سچ ہے خوشبو ہے ہر جا نہ بسار

صحیح مسلم و بخاری میں دو سو دس حدیثیں ضعیف ہیں

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۸۶۹ کتاب اہل سنت ازالۃ الغین نے میں لکھا ہے کہ از آمدی نقل میکند کہ او در مسند خود آمدی امام اہل سنت سے منقول ہے کہ انہوں نے اپنے مسند میں لکھا ہے کہ حدیث قرطاس بے اساس ہے اور شرح نخبہ حدیث سے نقل کیا گیا ہے کہ صحیح مسلم اور صحیح بخاری میں سے دو سو دس حدیثیں ضعیف ہیں ۸۰ ان حدیثیں بخاری میں ہیں اور ایک سو مسلم میں ہیں ۔ اور تیس دونوں میں نور لمعہ ۔ بر بیان حدیث قرطاس میں ہے اور بحث فدک میں لکھا ہے در صحت بعض از روایات صحیح بخاری کلام است اور اسی طرح در بعض روایات صحیح مسلم ۔

صحیح بخاری کے بارے شاہ سلامت اللہ کی خرافات

منقول از استقصاء، رسالہ تحسین فی بشرات النبی الامین نے محمد سلامت ولی اللہ نے لکھا ہے. فقلت یا رسول اللہ اکما روی البخاری عنک صحیح فقال صحیح تمام فقال رو[illegible]

ایک بزرگ شیخ عبدالمعطی التونسی نے نبی کریم کی قبر شریف کی زیارت کی اور قبر مقدس کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کی کہ جو کچھ بخاری نے آپ سے روایت کی ہے وہ صحیح ہے فرمایا ہاں صحیح ہے میں نے پھر عرض کی کیا میں اسکو روایت کر سکتا ہوں فرمایا ہاں تو روایت کر سکتا ہے اور کتاب جامع الاصول میں لکھا ہے کہ ۹۰ ہزار شخص نے امام بخاری سے بلا واسطہ اسکی صحیح کو سنا ہے ۔

نوٹ ارباب انصاف علماء اہل سنت کے خرافات کا ایک اندازہ لگائیں کوئی کتاب ہے کہ صحیحین جیسے دو دوسرے درجے کی عجیب جھوٹ ہے یہ سارا کیونکہ کتاب ہے کہ نبی کریم نے اسکی تمام احادیث کا شیخ عبد المعطی کو اجازہ دیا تھا۔

ابوزرعہ والبوحاتم رازیان نے اسماعیل بخاری کو مجروح قرار دیا ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات شافعیہ سے ـــــ از استبصار

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فیض القدیر مناوی سے ـــ ذکر بخاری۔

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال سے ـــ از استبصار

سبکی نے طبقات میں تقی الدین ابن دقیق العید سے نقل کیا ہے کہ ترکہ ابوزرعہ وابوحاتم من اجل مسئلۃ اللفظ کہ ابن اسماعیل بخاری کو ابوزرعہ رازی اور ابوحاتم رازی نے مجروح قرار دے کر ترک کیا ہے فیض القدیر میں لکھا ہے ترکہ لاجلہا الرازیان کہ ابن اسماعیل بخاری کو رازیان نے ترک کیا ہے اور میزان الاعتدال میں لکھا ہے کہ اقتنع ابوزرعہ وابوحاتم عن الروایۃ عن تلمیذہ محمد کہ محمد ابن اسماعیل بخاری کو ابوزرعہ اور حاتم نے ترک کردیا ہے۔

نوٹ ارباب انصاف ان دنوں میں بڑی کتابوں کے پڑھنے کا لوگوں میں شوق نہیں رہا۔ اور میں اپنے شیعہ ناظرین کو تاکید کرتا ہوں کہ وہ تفصیلات کے معلوم کرنے کی خاطر۔ کتاب استقصاء الافحام کی طرف رجوع کریں علامہ سید حامد حسین نے مذکورہ کتاب کو کر اجیب کے تابوت میں آخری میخ ٹھونک دی ہے

محمد بن یحییٰ ذہلی نے امام بخاری کو صاحب بدعت قرار دیا ہے

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات شافعیہ ــــ از استفصار

۲- اہل سنت کی معتبر کتاب مقدمہ فتح الباری ــــ

دونوں کتابوں میں لکھا ہے کہ محمد بن یحییٰ نے امام محمد بن اسماعیل بخاری پر بدعتی ہونے کا فتویٰ لگایا تھا اور اسکے درس میں لوگوں کو آنے سے منع کیا تھا یہی نہیں وعید تک کر دی اسے ملاحظہ ہو۔

علامہ ابن دحیہ نے بخاری کو دشمن اہل بیت رسالت قرار دیا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب شرح اسماء النبی ــــ از استفصار ص ٨٩

قال ذو النسبین علامہ ابن دحیہ ذو النسبین فرماتے ہیں کہ حدیث بریدہ کو بخاری نے وہم بریدہ نقل کیا ہے اور علیؑ کے فضائل میں احادیث کو وہم بریدہ نقل کرنا یہ امام بخاری کی عادت ہے وما ذالك الا السوء دایہ فی التنکب عن هذہ السبیل اور بخاری کی یہ بری عادت فضائل علیؑ کے بیان سے انحراف کی وجہ سے ہے اسی شرح اسماء النبی میں ابن دحیہ دوسری جگہ فرماتے ہیں۔

وقطعہ البخاری واسقط منہ علی عادتہ کما تری وہو مما یعیب علیہ فی تصنیفہ علی ما جری ولا سیما استعمالہ لذکر علی

اور حضرت علیؑ کے ذکر کو اپنی عادت مطابق اپنی تصانیف سے امام بخاری نے گرا دیا ہے اور یہ بات بخاری کا عیب شمار کیا گیا ہے غرض تمام علماء اہل سنت نے امام بخاری کی خوب مٹی پلید کی ہے۔

فرزندِ نبی امام جعفر صادقؑ کی عظمت میں شک کر کے امام بخاری نے ناصبی اور متعصب اور بے ایمان ہونے کا ثبوت پیش کیا ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ سے ۔ از استفسار
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کشف ذہبی سے ۔ از استفسار
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب سے ۔ ذکر جعفرؑ
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال سے ۔ ذکر جعفرؑ
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مغنی الذہبی سے ۔ از استفسار

ابن تیمیہ ناصبی منہاج میں لکھتا ہے: و بالجملۃ فہولاء الائمۃ الاربعۃ لیس منہم من اخذ عن جعفر من قواعد الفقہ
اور سنیوں کے چار امام ہیں ان میں سے کسی نے بھی امام جعفر صادقؑ سے علم فقہ کے قانون نہیں لیئے۔ وقد استراب البخاری فی بعض حدیثہ لما بلغہ عن یحیی بن سعید القطان کلام فلم یخرج لہ و یمتنع ان یکون حفظہ للحدیث کحفظ من یحتج بہم البخاری۔ امام بخاری نے فرزندِ نبیؐ امام جعفر صادقؑ کی حدیث میں شک کیا ہے کیونکہ بخاری کو اطلاع ان کی طرف سے امام پاکؑ کے بارے ایک کلام پہنچا تھا اس لیے بخاری نے امام پاکؑ پر اعتماد نہیں کیا تھا اور ان سے حدیث نہیں لی تھی۔

اور معاذ اللہ امام پاکؑ کا حفظِ حدیث ان لوگوں کی طرح نہیں تھا کہ جن سے امام بخاری حدیث لیتا تھا۔ ختم کلام شریف ابن تیمیہ کا۔

امام بخاری کا حدیث غدیر کی صحت سے انکار اسکی جہالت اور تعصب ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ ص از استقصاء الافحام
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نزل الابرار ص از استقصاء الافحام
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اسنی المطالب ص از استقصاء

منہاج السنۃ میں ابن تیمیہ ناصبی نے لکھا ہے کہ حدیث غدیر کو امام بخاری نے اپنی صحیح میں نہیں لکھا ہے اور بخاری اور ابراہیم الحربی سے منقول ہے وانہم طعنوا فیہ وضعفوہ کہ ان دونوں نے حدیث غدیر کی صحت میں طعن کیا ہے اور اسکو ضعیف قرار دیا ہے۔
اور مرزا معتمد خان بدخشانی نے نزل الابرار میں لکھا ہے کہ ہذا حدیث صحیح مشہور ہے اور اسکی صحت میں متشکرا ور متعصب ہی کلام کرے

گا اور علامہ محمد بن محمد بن یوسف المعروف با بن الجزری نے اسنی المطالب میں لکھا ہے کہ امام احمد نے اس حدیث کو ۱۵ سے زیادہ طرق سے نقل کیا ہے اور ابن عقدہ نے سو طرق سے اور ابن مغازلی نے ۳۰ طرق سے نقل کیا اور خاتم المحدثین محمد الجزری الشافعی نے اسکو ایک الگ رسالہ میں ذکر کیا ہے اور اثبت فیہا تواتر ہذا الحدیث من سبعین طریقا ونسب منکرہ الی الجہل والعصبیۃ اس رسالہ میں جزری نے حدیث غدیر کے تواتر کو ستر طرق سے ثابت کیا ہے اور اس حدیث کی صحت اور تواتر سے انکار کرنے والوں کو جاہل اور متعصب قرار دیا ہے۔

نوٹ ابن تیمیہ کی بجواس کا جواب شاہ عبدالعزیز کے تحفہ میں بھی اسی طرح موجود ہے کہ بولا السنتان لهلک النعمان نے کہ امام اعظم صاحب فرماتے تھے کہ اگر وہ دو سال نہ ہوتے جن میں میں نے امام جعفر صادق سے فیض حاصل کیا ہے تو میں ہلاک ہو جاتا۔ اس کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ امام اعظم نے فرزند نبی امام جعفر صادق سے قواعد علم فقہ لئے ہیں اور ابن تیمیہ جھوٹ بکتا ہے۔

نوٹ کاشف ذہبی اور تہذیب التہذیب میں بھی اسی طرح لکھا ہے والقطان وقال فی نفسی منه شئی کہ قطان بخاری کا استاد کہتا ہے کہ امام جعفر صادق کے بارے میرے دل میں کچھ شک ہے اور میزان الاعتدال اور مغنی میں اسی طرح لکھا ہے کہ قال القطان مجالد احب الی منه کہ ایک مجالد نامی شخص مجھے امام جعفر صادق سے زیادہ محبوب ہے۔

بخاری اور اس کا استاد قطان دونوں گستاخ اہلبیت تھے

ارباب انصاف بخاری وہ بے ایمان شخص ہے جس نے اپنی تمام کی صحیح میں عمران بن حطان۔ اور حریز بن عثمان اور مروان جیسے شیطانوں کی حدیث لی ہے اور اگر نہیں لی تو فرزند نبی امام جعفر صادق سے حدیث نہیں لی۔ اور بخاری نے اپنے اس رویہ میں خاندان نبوت کی توہین اور تنقیص کی ہے اور آل رسول کی توہین کرنے والا بے ایمان بے دین اور بد مذہب ہے اور بخاری اسی طرح تھا

تحفہ اثنا عشریہ کی عبارت | باب ۷ مبحث امامت میں حدیث ثقلین اور حدیث سفینہ کو لکھنے کے بعد محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ نجات
اور ہدایت مربوط ہے آل محمدؐ کی اتباع کے ساتھ اور جو آل محمدؐ کی پیروی
نہ کرے گا وہ ہلاک ہوگا۔ اور آل نبی کی پیروی خدا کے فضل سے اہل سنت
کو حاصل ہے انتہی۔

نوٹ: امام جعفر صادق کی صداقت میں شک کر کے ابن اسماعیل بخاری نے
نبی کریم کے فرمان حدیث ثقلین اور حدیث سفینہ کی مخالفت کی ہے اور
اور امام جعفر صادق کی احادیث کو مشکوک سمجھ کر بخاری نے انجناب کی
پیروی نہیں کی اور یہ چیز بخاری صاحب کے بے ایمان ہونے کا مخصوص
ثبوت ہے خلاصۃ الکلام ابن اسماعیل بخاری اور اسکا استاد یحییٰ بن سعید القطان
دونوں آل رسول سے منحرف تھے اور گستاخ اہل بیت رسول تھے۔

کتاب اہل سنت تہذیب الکمال میں لکھا ہے کہ امام جعفر صادق
سے خلق کثیر نے روایت کی ہے مثلاً انکے بیٹے موسیٰ بن جعفر نے اور
شعبہ اور سفیان نے اور مالک نے اور امام شافعی نے اور ابن
معین نے اور ابو حاتم نے انکی توثیق کی ہے اور ابوحنیفہ امام
اعظم کہتا ہے کہ حضرت جعفر صادق سے بڑا فقیہ نہیں دیکھا
ارباب انصاف خاندان نبوت کے ایک جلیل القدر بزرگ کی توہین
کر کے بخاری نے اپنا منافق اور کافر ہی ثابت کیا
ہے۔ اور اس نطفہ مجوسی نے اپنے تئیں روز حشر کو منہ کالا بنایا ہے۔
بخاری جیسے کئی کتے آل نبی کی شان میں بھونکتے رہے ہیں مگر انکو سوائے
لعنت کے کچھ نصیب نہ ہوا از استعداد الافہام ص

ابن اسماعیل بخاری نے اپنے استاد علی بن المدینی کی کتاب

چوری کرلی استاد اس غصہ میں مرگیا اور بخاری اسکی موت کا سبب بنا

منقول از استقصار الافحام صـ ۱۲۲ قال مسلمہ بن قاسم علی ماتقل عنہ فی تاریخہ کہ بخاری کا استاد علی بن المدنی کسی سفر پر گیا اور بخاری نے اسکے بیٹے سے کہا کہ اپنے باپ کی کتاب العلل مجھے تین دن کے لئے عاریۃً دے دیں اور استاد زادہ کو سو دینار بھی رشوت دیا۔ استاد زادہ نے سو دینار لے کر اپنی مال سے حیلہ بہانہ کر کے کتاب العلل بخاری کو دے دی بخاری نے ایک سو کاتب بلاکر انکو ایک دینار دے کر کتاب العلل جو چھوٹی چھوٹی سو جزوں پر مشتمل تھی انسے نکالی جب علی بن مدینی سفر سے واپس آیا اور درس شروع کیا تو بخاری کے سوالات اور جوابات سے انکو معلوم ہوا کہ آپ نے میرے بعد میرے گھر والوں سے حیلہ کر کے میری کتاب چوری کرلی ہے غم کی وجہ سے مغموما بذالک ولم یلبث الا یسیرا حتی مات اور استاد اسکے بعد مغموم رہنے لگا حتی کہ مرگیا پھر بخاری نے استاد کی کتاب کو سامنے رکھ کر اپنی صحیح بخاری کو ترتیب دیا اور محدث بن گیا۔

نوٹ: ارباب انصاف دیکھا آپنے کہ یہ بخاری کتنا بددیانت تھا اپنے استاد کے ساتھ بھی خیانت کرنے سے پرہیز نہ کیا۔

صحیح بخاری کی چند جھوٹی روایات کا نمونہ ملاحظہ ہو

منقول از استقصاء الافحام ص ۹۳۶

۱۔ نبی کریم نے جب ابوبکر سے عائشہ کو رشتہ مانگا تو ابوبکر نے کہا آپ تو میرے بھائی ہیں۔ نبی کریم نے فرمایا تو دین میں میرا بھائی ہے وہ میری لئے حلال اور عائشہ میرے لئے حلال ہے فتح الباری میں اس حدیث کی تحریر میں لکھا ہے حافظ علاءالدین مغلطائی بن قلیج حنفی نے اس حدیث کی صحت میں نظر فرمائی ہے کیونکہ ایک تو نبی کریم نے رشتہ خود نہیں مانگا تھا بلکہ خولہ بنت حکیم کو روانہ کیا تھا، اور دوسری بات یہ ہے کہ ابوبکر کی خلت نبی کریم کے ساتھ مدینہ میں قائم ہوئی تھی اور منگنی عائشہ کی مکہ میں ہوئی تھی۔

۲۔ از استقصاء ص ۹۳۷ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم قیامت کے دن اپنے کافر باپ کی شفاعت کریں گے اور اللہ پاک سے جدال کریں گے؛ اور فتح الباری میں ابن حجر عسقلانی نے فرمایا ہے ہذا حدیث فی صحتہ نظر کہ اس حدیث کے صحیح ہونے میں نظر ہے۔

۳۔ از استقصاء ص ۹۳۸ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ نبی کریم نے ایک منافق کا جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا اور امیر عمر نبی کریم سے الجھ پڑے اور نبی کریم نے فرمایا کہ اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ ستر بار بھی تم استغفار کرو تو خدا منافقین کو نہیں بخشے گا

نبی کریم نے کہا میں ستر بار سے زیادہ کروں گا ۔ امام اہل سنت
غزالی نے منخول میں اس حدیث کی صحت سے انکار کیا ہے اور شارح
قسطلانی نے بھی اور فتح الباری میں شارح عسقلانی نے کئی علماء اہل سنت
سے اس حدیث کی صحت سے انکار نقل کیا ہے ۔

۴۔ از استفسار ص ۹۲۹ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ ابراہیم نبی
نے صرف تین جھوٹ بولے تھے اور امام رازی نے اس
حدیث کی صحت سے انکار فرمایا ہے ۔

۵۔ از استفسار ص ۹۵ بخاری نے اپنی صحیح میں یہ حدیث لکھی ہے
کہ ایک نبی کو ایک چیونٹی نے کاٹا تھا اس نے چیونٹیوں کی کالونی کو
جلا دینے کا حکم دے دیا ۔ یہ حدیث سفید جھوٹ ہے ۔

۶۔ از استفسار ص ۹۶۳ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ نبی
کریم نے حضرت علی کو نماز تہجد کے لئے اٹھایا تھا اور حضرت
علی نے کہا کہ میں سوائے فرض نماز کے اور کچھ نہیں پڑھتا ۔
امام الاولیاء پر بخاری کا یہ سفید جھوٹ ہے ۔

۷۔ از استفسار ص ۹۶۳ بخاری نے اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت
علی نے دختر ابوجہل کا رشتہ مانگا اور نبی کریم ناراض ہو گئے
فتح الباری میں اس کی صحت سے بھی انکار کیا گیا ہے ۔ نوٹ
ارباب انصاف بخاری کی تمام احادیث کو خود پڑھیں اور
غور کریں کہ انبیاء اولیاء اور خلفاء اور امہات المومنین پر
بہت بہتان باندھے گئے ہیں ۔

سنی علماء کی گواہی کہ کتاب صحیح مسلم بدعت کی سیڑھی ہے اور اس میں کئی جھوٹ لکھے ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو۔

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الرجال مؤلف ملا علی قاری، منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۹۵۴

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الجواہر المضیۃ فی طبقات الحنفیہ منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۰ مؤلف علامہ سید حامد حسین

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الامتاع فی احکام السماع مؤلف جعفر بن ثعلب بن جعفر، از استقصاء صفحہ ۹۹۹

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب صفحہ ذکر احمد بن عیسی

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال صفحہ احمد بن عیسی مصری

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد فی ہدی خیر العباد

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ صفحہ لابن تیمیہ

الرجال کی عبارت: وقد قال الحافظ ان مسلما لما وضع کتابہ الصحیح عرضہ علی ابی زرعہ فانکر علیہ و تغیظ وقال سمیتہ الصحیح وجعلتہ سلما لاہل البدع وغیرہم

ترجمہ: ملا علی قاری حنفی فرماتے ہیں کہ امام مسلم بن حجاج نے جب اپنی کتاب صحیح مسلم تالیف فرمائی تو بحضور امام اہل سنت ابو زرعہ کی خدمت میں پیش کی۔ ابو زرعہ اس کتاب کو دیکھ کر غیظ و غضب میں آگیا اور سخت نفرت کا اظہار کیا۔

اور فرمایا کہ تم نے اس کتاب کا نام صحیح رکھا ہے اور دعا کلال کر تم نے اس کتاب کو اہل بدعت کے لیے سیڑھی بنایا ہے۔

طبقات حنفیہ کی عبارت | عبد القادر بن محمد بن نصر اللہ ابوالوفا القرشی نے بھی لکھا ہے کہ جب مسلم نے اپنی صحیح کو ابو زرعہ کی خدمت میں پیش فرمایا تو انہوں نے کہا سمیتہ الصحیح فجعلت سلما لاہل البدعۃ کہ تو نے اسکا نام صحیح رکھا ہے اور اسکو اہل بدعت کے لیے سیڑھی بنایا ہے

الامتاع کی عبارت | جعفر بن ثعلب علامہ ابوالفضل ادفوی نے لکھا ہے وکان ابوزرعۃ یذم وضع کتاب مسلم ویقول کیف تسمیۃ الصحیح وفیہ فلان وفلان وذکر جماعۃ کہ محدث ابوزرعہ مسلم بن حجاج کے کتاب لکھنے کی مذمت کرتا تھا اور کہتا تھا کہ کس طرح اسکا نام صحیح تجویز کیا ہے جبکہ اس میں فلاں فلاں جھوٹے راوی کے بھی ہے

میزان اور تہذیب کی عبارت | احمد بن عیسی مصری کے حالات میں لکھا ہے قال سعید البردعی شہدت ابازرعۃ ذکر عندہ صحیح مسلم فقال ہؤلاء ارادوا التقدم قبل اوانہ

سعید بردعی کہتا ہے کہ میں ابوزرعہ کے پاس موجود تھا کہ صحیح مسلم کا ذکر ہوا انہوں نے فرمایا کہ یہ لوگ وقت سے پہلے علامہ بننے کا شوق رکھتے تھے یا مسلم والا احمد بن عیسی سے روایت کرتا ہے اور ابن عمر اسکو جھوٹا کہتے ہیں نوٹ ان حوالجات کے بعد مسلم کی کتاب کو صحیح کہنا صحیح کی اہانت ہے۔

سُنی محدثین کی تحقیق کہ صحیح مسلم میں بھی غلط حدیثیں ہیں

مسلم کا پہلا جھوٹ

استقصار ص ۱۹۶ میں منقول ہے کہ مسلم نے عدم ایمان ابوطالب والی جھوٹی اسناد کی حدیثیں نقل کر کے اپنی آخرت برباد کی ہے اور اپنی صحیح کو برباد کیا ہے۔ کیونکہ تذکرۃ خواص الامہ میں سبط ابن جوزی حنفی نے نقل کیا ہے کہ وفات ابوطالب پر نبی کریم نے انکے حق میں فرمایا تھا غفر اللہ لہ ورحمہ اور جناب عباس نے پوچھا آترجوله فقال ای واللہ انی لارجوله۔ کیا آپ انکی نجات کی امید رکھتے ہیں فرمایا ہاں امید رکھتا ہوں۔ اور ابوطالب کے لئے نبی کریم نے جزاک اللہ خیرا کے الفاظ بھی فرماتے تھے۔ نیز امام اہل سنت جلال الدین محدث نے اپنی کتاب روضۃ الاحباب میں نقل کیا ہے کہ صاحب جامع الاصول لکھتے تھے کہ اہل بیت رسول فرماتے ہیں کہ ابوطالب صاحب ایمان تھے۔ وہ تذکرہ کیا جو حدیث رجا ہے وہ امر محقق پر دلالت کرتی ہے جس طرح صواعق محرقہ میں ابن حجر مکی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث حضرت حسن کی شان میں لعل اللہ ان یصلح به بین فئتین امر محقق پر دلالت کرتی ہے اور خلافت معاویہ درست ہے لعل ترجی اور امید کے لئے آتا ہے۔

نوٹ: بخاری اور مسلم نے عدم ایمان ابوطالب کی جھوٹی احادیث نقل کر کے اپنے منہ پر لعنت کی سیاہی ملی ہے اور اپنی صحیحین کو رسوا کیا ہے اور اپنے دوزخی ہونے کا ثبوت دیا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو بے غیرت مسلک سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں نبی کریم کے والدین کے عدم ایمان کی حدیثیں گھڑی گئی ہیں۔

مسلم کا ایک اور جھوٹ کہ ابو بکر کی خلافت منصوص ہے!!

استقصار الافحام صفحہ ۹۵ میں منقول ہے مسلم نے یہ حدیث لکھی ہے کہ
نبی کریم نے وقت وفات عائشہ سے کہا کہ تم اپنے باپ ابو بکر کو بلاؤ تاکہ
میں تحریر لکھوں تاکہ کوئی تمنا نہ کرے اور یہ نہ کہہ سکے میں اولیٰ ہوں اور اللہ
اور مومنین ابو بکر کے علاوہ کسی کو نہیں پسند کرتے اس حدیث
سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ابو بکر کی خلافت منصوص ہے مگر علامہ نووی نے شرح
مسلم میں اور عبد العزیز نے تحفہ میں اور ابو السعادات ابن اثیر نے جامع
الاصول میں تصریح فرمائی ہے کہ ابو بکر کی خلافت منصوص نہیں ہے، نیز
ابن حجر نے علماء کی گواہی میں مسلم کی مذکورہ حدیث جھوٹی ثابت ہو گئی
اور صحیح مسلم کی صحت بھی برباد ہو گئی ہے۔

مسلم کا ایک اور جھوٹ کہ اذان عمر کے مشورے سے شروع ہوئی ہے

استقصار صفحہ ۹۹ میں منقول ہے کہ مدینہ میں ایک دن مسلمان کہنے لگے کہ
نماز میں لوگوں کو جمع کرنے کے لئے یہود و نصاریٰ کی طرح کوئی شے بجایا
جائے۔ اسی وقت عمر نے کہا کہ منادی کروائی جائے پس اذان شروع
ہوگئی۔ یہ حدیث متناقض ہے حدیث ابو داود سے کہ اذان ایک
مرد انصاری کے خواب سے شروع ہوئی تھی نوٹ احکام شرعیہ بقول
شاہ ولی اللہ در ازالۃ الخفا حکمت الٰہی اور حکم خدا سے نازل ہوتے تھے
اور مشورہ وغیرہ جیسے ظنوں وغیرہ کے ذریعہ یا خوابوں سے نازل
نہیں ہوتے۔

مسلم کا ایک اور جھوٹ کہ یا ایہا المدثر قرآن کا پہلے نازل ہوا

استقصاء صہ ۹۹۳ میں منقول ہے کہ مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے کہ قرآن پاک کا یہ جز یا ایہا المدثر پہلے نازل ہوا حق اور شارح مسلم نووی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے اور ولی الدین ابو زرعہ احمد بن زین الدین عبد الرحیم العراقی نے بھی در کتاب شرح احکام صغریٰ میں اسکے ضعیف ہونے کی تصریح کی ہے۔

مسلم میں احادیث متناقضہ موجود ہیں

استقصاء صہ ۹۹ میں منقول ہے مسلم نے اپنی صحیح میں یہ حدیث عائشہ سے نقل کی ہے کہ نبی کریم نے حجۃ الوداع میں بعد از افاضہ نماز ظہر مکہ میں ادا کی ہے پھر مسلم نے ابن عمر سے یہ حدیث بھی نقل کی ہے کہ آنجناب نے وہ نماز ظہر منیٰ میں ادا فرمائی ہے۔ اور یہ تناقض صحت مسلم کے منافی ہے۔

فضائل ابوسفیان میں مسلم کے تین جھوٹ

استقصاء صہ ۹۹۳ میں منقول ہے کہ مسلم نے روایت کی ہے کہ ابوسفیان نے نبی کریم سے کہا کہ آپ مجھے تین چیزیں عطا کریں ۱ میری بیٹی ام حبیبہ نہایت خوب صورت ہے آپ اس سے شادی کر لیں ۲ معاویہ کو کاتب وحی بنا دیں ۳ مجھے کفار سے جہاد کی اجازت دیں۔ نوٹ زاد المعاد میں ابن جوزی نے لکھا ہے حدیث مذکورہ جھوٹ ہے۔

اہل سنت کی کتاب صحیح ترمذی بھی جھوٹ سے بھری ہوئی ہے

ثبوت کتاب اہل سنت فرح اسیاہ العنی صہ — از استقصاء الافحام ص ۱۰۳۲

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنہ — از استقصاء ص ۱۰۳۲

وقال العلامہ ابن دحیہ / وقد ذکرت فی کتابی المسمی بالعلم المشہور احادیث کثیرۃ اوردھا ابو عیسی فی کتابہ ھذا (ترمذی) عن قوم کذابین وحسنہا وھی موضوعۃ ولا یصح ان تکون مرفوعۃ فلیرجع الناظر الیہ فیما انتقدتہ علیہ

ترجمہ : علامہ ابن دحیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی کتاب علم مشہور میں بہت سی وہ احادیث ذکر کی ہیں کہ جنکو ابو عیسی ترمذی نے اپنی صحیح ترمذی میں نقل کیا ہے اور وہ جھوٹے راویوں سے اس نے نقل کی ہیں اور انکو حسن کہا ہے حالانکہ وہ موضوع ہیں اور غلط ہیں اور وہ مرفوع نہیں ہیں محقق کو ہماری تنقید کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

منہاج السنۃ کی عبارت | والترمذی قد ذکر احادیث متعددۃ فی فضائل

وفیما ما ھو ضعیف بل موضوع ومع ھذا لم یذکر ھذا ونحوہ۔

ترجمہ : یعنی ابن تیمیہ ناصبی کہتا ہے کہ ابو عیسی ترمذی نے اہلبیت کے فضائل میں کئی عدد ضعیف بلکہ موضوع اور جھوٹی حدیثیں ذکر کی ہیں اور اسکے باوجود اس نے مجھ سے اس حدیث کو ذکر نہیں کیا۔

نوٹ : دونوں کتب مجھے گواہ ہیں کہ ترمذی میں بہت جھوٹ ہے۔

ابوعیسیٰ ترمذی کا ابوبکر کی خاطر ایک سفید جھوٹ ملاحظہ ہو

۱- ثبوت کتاب اہل سنت میزان الاعتدال ذکر عبدالرحمٰن بن غزوان

۲- اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ استفسار

۳- اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد لابن قیم استفسار

۴- اہل سنت کی معتبر کتاب سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد
مؤلف محمد بن یوسف شامی شاگرد سیوطی

۵- اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خمیس

۶- اہل سنت کی معتبر کتاب عیون الاثر ابو الفتح ابن سید الناس

ترمذی کی عبارت | ترجمہ ملاحظہ ہو۔ نبی کریم نے اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ سفر تجارت شام کی طرف فرمایا اور اس سفر میں ایک راہب سے ملاقات فرمائی راہب نے آنجناب کی بہت عزت فرمائی اور منت وسماجت کے ساتھ مشورہ دیا کہ آپ اس سفر سے واپس تشریف لے جائیں آپ کو خطرہ ہے ابوطالب نے آنجناب کو واپس کیا اور ابوبکر نے نبی کریم کے ساتھ بلال کو روانہ کیا اور راہب نے زاد راہ دیا۔

نوٹ: میزان میں ذہبی نے لکھا ہے کہ یہ واقعہ غلط ہے۔ کیونکہ اس وقت ابوبکر بچہ تھا اور بلال ابھی پیدا ہی نہیں ہوا تھا۔ ابن قیم نے بھی اسی طرح لکھا ہے کہ یہ واقعہ غلط ہے کیونکہ! تو اس وقت بلال پیدا ہی نہیں ہوا یا بچہ تھا اور ابوبکر کے ساتھ نہیں تھا۔ تاریخ خمیس بھی اسی طرح لکھتا ہے کہ ابوبکر اس وقت دس برس کا بھی نہیں تھا اور بلال کو اس نے تیس برس بعد میں خرید کیا ہے۔

ابوبکر کی فضیلت میں ترمذی شریف میں ایک اور جھوٹ

اہل سنت کی معتبر کتاب ترمذی شریف سے — از استقصار

عن عائشة لا ینبغی لقوم فیھم ابوبکر ان یؤمھم غیرہ۔ عائشہ نے کہا ہے کہ ابوبکر کے بارے نبی کریم نے فرمایا ہے کہ جس قوم میں ابوبکر موجود ہو اس کے علاوہ ان کی دوسرا امامت نہ کروائے نوٹ: ابن جوزی نے اپنی کتاب الموضوعات میں لکھا ہے کہ یہ حدیث موضوع علی رسول اللہ آخر تک یہ حدیث نبی کریم پر جھوٹ بولا گیا ہے عیسیٰ ابن میمون بخاری کے نزدیک منکر الحدیث ہے ابن حبان نے کہا ہے کہ اس کی حدیث حجت نہیں ہے۔

عمر کی فضیلت میں صحیح ترمذی میں ایک جھوٹ ملاحظہ ہو

اعز الاسلام باحب ھذین بابی جہل او بعمر بن الخطاب

عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ نبی کریم نے دعا مانگی تھی کہ اے خدا! تو ابوجہل یا عمر ابن خطاب کے ساتھ اسلام کو عزت بخش اور عمر زیادہ محبوب تھا تو نے — از استقصار ۱۰۔۳۳۹

رسالہ دار منتشرہ فی الاحادیث المشتہرہ — از استقصار سیوطی نے کہا ہے کہ مذکورہ حدیث غلط ہے اور سیرت حلبیہ منقول از استقصار صفحہ ۱۳۳۶ میں لکھا ہے کہ جناب عائشہ نے کہا ہے کہ مذکورہ حدیث غلط ہے نبی کریم نے تو یوں فرمایا تھا کہ اے خدا! تو عمر یا ابوجہل کو اسلام کے ساتھ عزت بخش اسلام سے لوگوں کو عزت ملتی ہے تاکہ لوگوں سے اسلام کو عزت ملتی ہے الاسلام یعز و لا یعز۔

فضیلت امیر عثمان میں ترمذی کا ایک جھوٹ ملاحظہ ہو

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۴ صاحب تحفہ اثنا عشریہ نے لکھا ہے کہ اتی بجنازۃ الی رسول اللہ فلم یصلی علیہ وقال انہ کان یبغض عثمان فابغضہ اللہ۔ نبی کریم کے پاس ایک جنازہ لایا گیا آنجناب نے اس پر نماز جنازہ نہ پڑھی اور فرمایا کہ یہ عثمان کے ساتھ بغض رکھتا تھا اور خدا اس کے ساتھ بغض رکھتا تھا نوٹ منقول ہے از استقصاء صفحہ ۱۰۴ کتاب اہل سنت الموضوعات میں ابن جوزی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث غلط ہے محمد بن زیاد اس کا راوی امام احمد اور دار قطنی اور ذہبی کے نزدیک کذاب و خبیث۔

علماء اہل سنت کو دعوت انصاف اور دعوت فکر

منقول از استقصاء صفحہ ۱۰۴ ابن اثیر جزری نے اپنی کتاب جامع الاصول میں لکھا ہے من کان فی بیتہ ھذا الکتاب فکانما فی بیتہ نبی یتکلم کہ جس گھر میں صحیح ترمذی ہو صاحب خانہ یہ سمجھے کہ اس کے گھر میں نبی کریم بول رہا ہے اہل سنت دوستو کتنا افسوس کا مقام ہے ایک طرف تو تم نے اپنی کتاب صحیح ترمذی کو نبی اللہ کا مقام دے دیا ہے اور پھر دوسری طرف اس کے جھوٹ اور غلطیاں بھی شمار کرنا شروع کر دیں جس کا کچھ نمونہ ہم نے پیش بھی کیا ہے اگر تم میں شرم ہو تو ڈوب مریں جب یا تمہیں شرم نہ آئے کچھ خیال نہ کرتے ہیں کہ شیعوں کی کتاب غلط ہیں ان کو کوئی سمجھائے کہ شیعوں کو تم ایک طرف رکھو تم نے تو اپنی کتاب امام ترمذی کی ... ہے وہ غلط

مصحفِ اہلِ حدیث سنن ابوداؤد کے چند اور جھوٹ ملاحظہ ہوں

۱۔ سنن ابی داؤد میں ایک نماز کا طریقہ ہے جو نبی کریم نے عباس بن عبدالمطلب کو تعلیم فرمایا تھا کہ ہر رکعت میں ۱۵ مرتبہ اور رکوع میں دس مرتبہ تسبیح اربعہ کا پڑھنا ہے۔ نوٹ اس روایت میں ایک راوی موسیٰ بن عبدالعزیز ہے جس کو ابن جوزی نے الموضوعات میں ضعیف لکھا ہے۔

۲۔ سنن ابی داؤد میں ابو بجرہ بکار کی روایت ہے کہ نبی کریم نے منگل کے دن حجامت یعنی خون نکلوانے سے منع کیا ہے۔ نوٹ ابن جوزی نے اپنی کتاب الموضوعات میں لکھا ہے کہ ابو بجرہ بکار جھوٹا ہے۔

۳۔ سنن ابی داؤد میں یہ حدیث آئی ہے کہ نبی کریم نے چھری کانٹے سے گوشت کاٹنے کو منع کیا ہے اور فرمایا ہے کہ دانتوں سے کاٹو۔ نوٹ ابن جوزی نے زاد المعاد میں لکھا ہے کہ بقول امام احمد کے یہ حدیث بھی جھوٹی ہے۔

۴۔ سنن ابی داؤد میں لکھا ہے کہ قدریہ اس امت کے مجوس ہیں۔ نوٹ ابن جوزی نے اس حدیث کو بھی جھوٹ قرار دیا ہے۔

۵۔ سنن ابی داؤد میں لکھا ہے کہ نبی کریم نے لیلۃ النحر ۱۰ ذوالحجہ کی رات ام سلمہ کو بھیجا اور اس نے فجر سے پہلے جمرہ کو پتھر مارے۔ نوٹ ابن جوزی نے زاد المعاد میں اس حدیث کو بھی جھوٹ لکھا ہے۔

۶۔ سنن ابی داؤد میں لکھا ہے کہ عبداللہ بن زید کے خواب سے اذان شروع ہوئی ہے۔ نوٹ سیرت حلبیہ میں لکھا ہے کہ محمد بن حنفیہ نے اس روایت کو غلط قرار دیا ہے اور مستدرک حاکم میں ہے۔

سنن نسائی بھی صحت کے معیار سے گری ہوئی ہے

امام اہل سنت امام نسائی بھی ایک عجیب ہستی ہیں صاحب استقصاء الافحام نے اسی جلد ۱ صفحہ ۱۰ میں انکے بارے علماء اہل سنت کی کتب سے انکی یہ کرامت نقل کی ہے کہ ان امیر المومنین فی الحدیث کی چار بیویاں تھیں۔ اور شاہ سلامت اللہ نے اپنی کتاب معرکہ الآراء میں انکی فضیلت کثرت جماع کو انکا طعن اور انکے لیئے باعث استہزا قرار دیا ہے اور شاہ عبد العزیز نے انکے زیادہ جماع کرنے کو انکے لیئے شرف شمار کیا ہے۔

امام نسائی صاحب بزرگان اہل سنت کے حق میں بھی بدزبان تھے

ثبوت منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۷۵ کتاب اہل سنت کاشف الاوہام ذہبی کے حاشیہ میں ذکر احمد بن صالح مصری میں لکھا ہے کہ ابو حاتم نے احمد بن صالح مصری کی توثیق کی ہے مگر امام نسائی نے وصفہ بالکذب والوضع کہ انکو جھوٹ بولنے کی صفت سے متصف فرمایا ہے۔ اور نسائی کی اس بدزبانی کو امام سبکی نے خوب نوٹس لیا ہے کہ جو کچھ ابن ابی ذئب نے مالک کے حق میں اور ابن معین نے شافعی کے حق میں اور نسائی نے امام احمد بن صالح کے حق میں بکواس کی ہے وہ سب جھوٹ ہے۔ اور میزان الاعتدال ذکر احمد بن صالح میں لکھا ہے کہ امام نسائی کثیر الجماع کو احمد بن صالح نے اپنے درس میں بیٹھنے سے روک دیا تھا اسی لیئے امام نسائی نے انکی مذمت کی ہے۔ خلاصہ علماء اہل سنت نے ایک دوسرے کے حق میں خوب دل کی

صحیح نسائی کی چند غلطیاں نمونہ کے طور پر ملاحظہ ہوں

۱۔ منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۴۶ ابن قیم نے زاد المعاد میں لکھا ہے فی سنن ابی داود والنسائی عن عائشة ان النبی اخر طواف یوم النحر الی اللیل وهذا الحدیث غلط بیّن خلاف المعلوم من فعله الذی لا یشك فیه اهل العلم بحجیته۔ ترجمہ: امام نسائی نے عائشہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم نے دس ذوالحجہ روز نحر طواف کو رات تک ملتوی کیا اور مؤخر فرمایا تھا اور یہ حدیث عائشہ واضح طور پر غلط ہے اور نبی کے جس فعل کی حجیت معلوم ہے اسکے خلاف ہے۔

۲۔ امام نسائی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ فسخ حج بعمرہ صرف اصحاب کے لئے ہے اور زاد المعاد میں ابن قیم نے اس کو بھی غلط قرار دیا ہے کیونکہ وقت مجبوری حج کو عمرہ مفردہ میں تبدیل کرنا ہمیشہ کے لئے ہے اور تمام لوگوں کے لئے ہے۔

۳۔ امام نسائی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ نبی کریم نے مقام ذات عرق کو اہل عراق کے لئے وقتی طور میقات مقرر فرمایا تھا اور ولی الدین ابوزرعہ نے شرح احکام صغریٰ میں لکھا ہے کہ یہ حدیث صحیح سے روایت شاذ ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف قوم معاویہ خلیفے نے جو صحاح ستہ گھڑے ہیں ان میں قدم قدم پر غلطیاں ہیں اور جس قوم کا ذخیرہ حدیث غلط ہو [illegible] تو لامحالہ غلط ہوگا مذہبی بنیاد ان کی اور نتیجہ [illegible] کی۔

سنن ابن ماجہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے اور نواصب کے ذریعے جھوٹی احادیث کا ہے

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۰ ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی کے بارے میں لکھا ہے کہ کان اماماً فی الحدیث کہ ابن ماجہ حدیث میں امام تھا اور عبدالحق نے رجال مشکوٰۃ میں اور شاہ عبدالعزیز نے بستان المحدثین میں بھی صحیح کو صحاح ستہ میں شمار کیا ہے مگر افسوس کہ اہل سنت نے اپنے اس اتنے بڑے امام کی بھی خوب مٹی پلید کی ہے کتاب الوافی بالوفیات میں صلاح الدین صفدی نے ذکر محمد بن یزید ابن ماجہ میں لکھا ہے قال الشیخ شمس الدین انما غض من رتبۃ کتاب ابن ماجہ بروایتہ احادیث منکرہ وغیرہ کہ سنن ابن ماجہ کے رتبہ کو مؤلف نے جھوٹی حدیثیں درج کرکے گھٹا دیا ہے۔ اور میزان الاعتدال میں ذکر داؤد بن المحبر میں قدرے لکھا ہے کہ حدیث ہے کہ ایک شہر قزوین ابھی فتح ہوگا اور جو شخص چالیس راتیں اس میں رباط کرے گا اس کو جنت میں محل ملے گا اس کے بعد لکھا ہے عقد شان ابن ماجہ بادخال ہذا الحدیث الموضوع فیہا اور ابن ماجہ نے اپنی سنن میں یہ حدیث درج کرکے سنن کو عیب دار کر دیا ہے کیونکہ یہ حدیث جھوٹی ہے۔ نوٹ: اور جس مذہب کی بنیاد غلط احادیث پر ہوگی وہ مذہب اور اس کی فقہ بھی جھوٹی ہوگی فقہ دیوبندیہ کی بنیاد صحاح ستہ ہے پس فقہ دیوبندیہ بھی جھوٹی ہے۔

احادیث کتب شیعہ کے راوی جنکی صداقت و سچائی کے علماء

اہل سنت نے گیت گائے ہیں

ارباب انصاف اب ہم نمونہ کے طور پر آپکے سامنے ان راویوں کا ذکر کرتے ہیں کہ جنکے شیعہ ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے اور سنی علماء نے انکی سچائی کی گواہی دی ہے اور انکی احادیث کو قبول کیا ہے۔

پہ ہے الفضل ما شہدت بہ الاعداء

فضیلت وہ ہے جسکی گواہی دشمن دیتے ہوں اختصار کی مجبوری ہے اس لئے ہم انکی فہرست پیش کرتے ہیں۔

۱- ابان بن تغلب الکوفی شیعہ تھا اور احمد بن حنبل نے انکی توثیق کی ہے میزان اعتدال ص۵ ملاحظہ ہو۔

۲- ابراہیم بن یزید بن عمرو الکوفی بخاری اور مسلم نے اس سے حدیث لی ہے اور ابن قتیبہ نے المعارف میں انکے شیعہ ہونے کی گواہی دی ہے اور المعارف ص۲۰۶ ذکر رجال شیعہ۔

(۳) احمد بن المفضل الحفری شیعہ تھا اور ابو داؤد و نسائی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص۱۵۰ (۴) اسماعیل بن ابان الازدی بخاری استاد کہ سے حدیث لی اہل سنی علماء کے شیعہ بھی تھا اور سچا بھی میزان ص۲۱۳

(۵) اسماعیل بن خلیفہ الملائی شیعہ تھا عثمان پر تنقید کرتا تھا ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص۲۳۶ المعارف ص ذکر رجال شیعہ۔

(۶) اسماعیل بن زکریا الاسدی مسلم اور بخاری نے اس سے حدیث لی ہے
شیعہ بھی اور سچا بھی تھا میزان ص ۲۴۰/۱

